323

افتادہ پھڑکنے کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب یسر وتمم بالخیر وبک نستعین یا اللہ

جان کہ اس کتاب کو سکندر ذوالقرنین اپنے پاس رکھتا تھا جب اس کا
کوئی عضو پھڑکتا تو اس کتاب سے اس کا نتیجہ دیکھ کر حصول انجام پاتا، اور ہارون رشید
اور مامون رشید بھی اس کتاب کو ہمیشہ اپنے پاس رکھتے اور کسی وقت
بھی اس کو اپنے جُدا نہ کرتے، عراق اور خراسان کے بادشاہ اس کتاب پر
کلی اعتقاد رکھتے تھے، حکما فرماتے ہیں کہ اگر کسی کا سر درمیان میں پھڑکے
بادشاہی اس کو ملے یا مال اور دولت بے اندازہ پائیگا، اگر جانب راست سے
کسی کا سر کا درمیان یعنی آدھی پھڑکے تو دنیاوی اسباب اور نعمت پائیگا اس کو چاہئے
کہ سفر کرے اور جلدی گھر واپس آئے، اگر کسی کے سر کی آدھی جانب چپ سے
پھڑکے وہ شخص سرداری پائیگا، اگر کسی کا سر پیٹھ کی جانب سے پھڑکے

پائیگا، اور اگر کسی کے دائیں کمان کا سر پھڑکے کسی سے لڑائی کرے اور فتح اس کی
ہوگی اور اگر کسی کا بائیں کمان کا سر پھڑکتا ہے تو اس کو کوئی دولت
نیکی سے یاد کر رہا ہے، اگر کسی کا ابرو دائیں پھڑکتا ہو تو خوشی
پانیکی علامت ہے اور اگر کسی کا ابرو بائیں پھڑکتا ہو تو یہ تونگری کی
نشانی ہے، اگر کسی کا راست ابرو آنکھ کے ساتھ پھڑکے تو
اس شخص کی بہت سی مرادیں بر آئیگی اگر کسی کا ابرو بائیں آنکھ سمیت
حرکت میں آیا ہے تو تھوڑا سا غم اس کو پہنچیگا اگر کسی کا دنبالہ چشم
راست پھڑکے تو خوشی ہوگی اگر کسی کا دنبالہ چشم چپ پھڑکے
تو نیکی دیکھیگا اگر کسی کی راست آنکھ کا اندرونی حصہ پھڑکتا ہو تو اسے
عیب سے کوئی چیز ملیگی، اگر کسی کی بائیں آنکھ کا اندرونی حصہ پھڑکتا ہو تو کوئی

3R3

تو خلقت اس کی تابعدار اور مطیع فرمان ہوگی اگر کسی کی پیشانی پھڑکے سفر کر کے مراد
پائیگا اگر کسی کی پیشانی راست جانب سے پھڑکے ہلال دیکھیگا اور اگر کسی کی
پیشانی چپ جانب سے پھڑکے تو بہت خوشی دیکھیگا اور مقصود کو پائیگا، اور اگر کسی کی تنفا
کباڑی پھڑکے تو اس کے سر کے یہ شعور سے ہونے کی علامت ہے ذوالقرنین کہتا ہے کہ سفر کریگا
اور اگر کسی کا داہنا کان پھڑکے تو کہتے ہیں کہ اس میں بھلائی ہے خوشی ہوگی اور اگر کسی کا
بائیں کان پھڑکے یہ شخص لڑائی جھگڑا کریگا لیکن اس کے دوست دوست ہی رہیں گے،
اور ایک روایت میں یوں کہا ہے کہ آسائش نہیں دیکھیگا، اور اگر کسی کے چپ یا بائیں
کان کا سوراخ پھڑک رہا ہو تو رنج و غم دیکھیگا، اور اگر کسی کے داہنے کان کی نرمہ پھڑک رہی ہو
تو یہ شخص جھگڑا لڑائی کریگا اور فتح اس کو ہوگی اور اگر کسی کے داہنے کان کا سوراخ پھڑکے تو
اس کی مشکل حل ہو، اگر کسی کے بائیں کان کی نرمہ پھڑکے تو یہ شخص خوشی دیکھیگا اور خبر ملیگی

چیز گم ہو جائیگی یا اسزوہ جنگ کریگا، اگر کسی کی راست آنکھ کی زیریں نیچے
والی پلی پھڑکے تو شخص کسی سے جھگڑا کریگا اور جلدی خوش ہو جائیگا
اگر کسی کی راست آنکھ کی بالا شرہ پلی پھڑکے تو کسی کو دیکھیگا اور
اگر کسی کی بائیں آنکھ کی اوپر والی شرہ پلی پھڑکتی ہو تو شخص غم سے دوچار ہوگا
اسکو چاہیے کہ نفل نمازی کرے اگر کسی کی راست آنکھ کے اردگرد پھڑکتی ہو
تو اسے تھوڑے رنج و غم پہنچیں مگر جلدی خوشی دیکھیگا، اگر کسی کی بائیں آنکھ کے اردگرد
گردش کرتا ہو تو اچانک کسی چیز سے اسکو خوشی ہوگی، اگر کسی کی آنکھ راست کا
گوشہ پھڑکتا ہے یہ شاد و خرم خوش ہوگا اگر کسی کی آنکھ چپ کا گوشہ پھڑکتا ہے
تو اس کو لڑکا تولد ہوگا جو بہرہ مند ہوگا، اگر کسیکا راست خسارہ پھڑکتا ہو
تو تندرستی کی علامت ہے اگر کسیکا خسارہ بائیں طرف کا پھڑکتا ہے تو یہ شخص
کسی کام سے شرمندہ ہوگا ہندو کہتے ہیں کہ یہ شخص سفر کریگا اور مومی

[illegible]

[illegible]

کہتے ہیں کہ غائب کسی جانب سے آ پہنچیگا، اگر کسیکا رخ دائیں جانب

رخ کا بیان

سے پھڑک رہا ہے تو اس کو لڑکا پیدا ہوگا اگر کسیکا رخ جانب چپ سے

پھڑکتا ہو تو اسے آرام اور قرار ملیگا، اگر کسیکے ناک کی دائیں ہڈی پھڑکے

تو کسی سے لڑائی کریگا اگر کسیکی ہڈی بائیں طرف سے ناک کی پھڑکے

ناک کا بیان

تو یہ شخص لوگوں میں مشہور اور نامور ہوگا اگر کسیکا ناک سر سے دائیں طرف

سے پھڑکنے لگے تو اسے رنج اور ملال کسی سے ملے اگر ناک کا سر بائیں

جانب سے پھڑکے تو کسی بزرگ سے اسے خوشی ملیگی، اگر کسیکے

ناک کا دائیں سوراخ پھڑکے خوشی ملے اگر بائیں سوراخ پھڑکے تو سختی

دیکھے، اگر کسیکا ہونٹ کا گوشہ راست پھڑکے تو خوشی پائے اور اگر دہن کا

ہونٹ کا بیان

گوشہ چپ کی جانب سے پھڑکے تو بزرگی پائے، اگر کسیکا ہونٹ اوپر کی

جانب سے پھڑکے تو لڑائی کرے اگر کسیکا ہونٹ نیچے کی جانب سے پھڑکے

تو مدت میں پڑے اور جلدی وطن واپس آئے اگر کسیکے دونوں ہونٹ

پھڑکتے ہوں تو اسکو کسی سے دوستی کا رابطہ ہو رومی کہتے ہیں

کہ کسیکو بوسہ دیگا، اور فارسی کہتے ہیں خوش طعام کھائیگا اگر کسی کی

زبان پھڑکتی ہو تو یہ لڑائی کی علامت ہے اور رومیوں کا قول ہے کہ پسندیدہ دوست کو

دیکھیگا، اگر کسیکی ٹھوڑی کا پھڑکنا ہے تو یہ لڑائی کریگا اور فتح اسی کو ہوگی

اگر کسی کی گردن دائیں جانب سے پھڑکتی ہو تو یہ اپنی خواہش یعنی چاہی چیز

پائیگا اور رومی کہتے ہیں کہ قیمتی کپڑا پائیگا، اگر کسیکی گردن جانب چپ سے پھڑکتی

ہے تو اس کو نعمت ملیگی، اگر کسی کی گردن کا آدھا حصہ پھڑکتا ہے تو یہ شخص

نعمت پائیگا اور امن میں رہیگا، حلق کے پھڑکنے کا بھی یہی نتیجہ ہے

اگر کسی کا دائیں دوش یعنی کندھا پھڑکتا ہے تو یہ شخص بلندی پائیگا، اگر

کسی کا بائیں کندھا پھڑکتا ہو تو اس کی خوشی اور زیادہ ہوگی اگر کسی کے

دونو کندھے پھڑکتے ہوں تو یہ لڑائی کی علامت ہے، اگر کسی کی
دائیں بغل پھڑکتی ہو تو یہ رنج کی علامت ہے۔ اگر کسی کی بغل
بائیں طرف کی پھڑک رہی ہے تو یہ نیک نامی اور نیک بختی کی
دلیل ہے۔ اگر پشت سے شانہ راست پھڑکے تو نیا کپڑا
پہنے، اگر پشت سے شانہ چپ پھڑکے تو مستور اور
تونگر ہو جائے۔ اگر کسی کا شانہ راست پھڑکے تو بڑائی ملے،
اگر شانہ چپ پھڑکے تو ناموری پائے، اگر کسی کے دونو
شانے پھڑکتے ہوں تو یہ مال پانے کی نشانی ہے۔ اور عورت
سے عشرت کی علامت ہے، اگر کسی کا راست بازو پھڑکتا ہو تو یہ شخص
خوار ہوگا۔ اگر بازو چپ پھڑکتا ہو تو گمشدہ واپس ملے فارسی
کہتے ہیں کہ کسی بزرگ سے بغلگیر ہوگا، اگر کسی کی

بغل

شانہ

راست ساعدہ جس کلائی پھڑکے تو فرزند ہوگا، اگر
کلائی بائیں ہو تو مال ہاتھ میں لیگا، اگر کسی کا ہاتھ دائیں
پشت سے پھڑکے تو نعمت اور خوشی پائے اگر ہاتھ بائیں کی
پشت پھڑکے تو اپنے قدر کے لائق بزرگی پائے، اگر
کسی کا دائیں ہاتھ پھڑکتا ہے تو اسے خواست اور نعمت ملے اگر کسی کا
بائیں ہاتھ پھڑکتا ہے تو کسی قوم کا سردار ہوگا فیروز مندی ملیگا
بیماری سے شفا اور غم سے رہائی پائیگا، اگر کسی کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی
پھڑکے تو برکت نعمت حاصل اور ہر روز زیادہ دنیا ہاتھ میں آئیگی،
اگر کسی کے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پھڑکے تو تندرستی ملے اگر کسی کے
دائیں ہاتھ کا انگوٹھا پھڑکے تو جو چیز جو چاہت اللہ تعالی سے چاہے
پائے، اگر کسی کے دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی پھڑکے تو شخص

لوگوں سے گالیاں سنے گا ، اگر کسی کے ہاتھ راست کی میانہ یا چہارم انگلی
پھڑک رہی ہو تو شخص غائب کی خبر خوش سنے گا ، اگر کسی کے
دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پھڑکتی ہو تو اچانک مہمان اس کے گھر آئیں گے ،
بائیں ہاتھ کی انگلیوں کا بیان اگر انگوٹھا پھڑکے تو لڑائی اگر شہادت
کی انگلی پھڑکے تو مال ہے اگر میانی انگلی پھڑکے تو خبر خوش اگر
چوتھی انگلی پھڑکے تو غائب کی کسی کی خبر خوش اگر چھوٹی انگلی پھڑکے
تو جو مراد ہو جلد پائے اگر کسی کا پیٹھ راست جانب سے پھڑک رہی
تو فرزند تولد ہو ، اگر پشت کا درمیانہ حصہ جانب راست سے پھڑکتا
ہے ایسا کام کریگا جس سے اس کو سرداری اور بہتری ملیگی ، اگر کسی کی
پشت جانب چپ سے پھڑک رہی ہو تو خوشی کی علامت ہے
اگر کسی کا راست پہلو پھڑکتا ہو تو تمام محنتوں سے یکمشت مال حاصل ہوگی

اگر کسی کا پہلو چپ پھڑکتا ہو تو سفر سے سلامتی کے ساتھ واپسی ہوگی، اگر کسی کا سینہ جانب راست سے پھڑکتا ہے تو ایسا کام کریگا جس سے نفع ہوگا، اگر سینہ کا درمیانی حصہ پھڑکے تو غائب کی واپسی ہو، اگر کسی کا سینہ بائیں جانب سے پھڑکے تو ایسا برا کام کریگا جس سے پشیمان ہوگا، اگر کسی کا سینہ زیر سے بائیں جانب سے پھڑکتا ہو تو یہ لوگوں سے نیک آشنائی کی نشانی ہے، اگر کسی کا پستان راست پھڑکے تو ملال پائیگا، اگر کسی کا پستان چپ پھڑکے تو دولت زیادہ ملنے کی علامت ہے، اگر کسی کا معدہ پھڑکے تو غمناک ہوگا اگر کسی کا پیٹ پھڑکے تو خصم سے پشیمانی ہوگا لیکن ٹھیک ہو جائیگا اگر کسی کی ناف پھڑکے تو بزرگوں سے بہت نیکی ملے گی اگر کسی کی سرین پھڑکے تو یہ سفر کی علامت ہے، اگر کسی کی دائیں سرین پھڑکے تو غمناک

Scanned by CamScanner

غمناک ہوگا اگر کسی کی سرین چپ پھڑکے تو گمشدہ چیز کی
خبر ملیگی اگر کسی کی ران راست پھڑکے تو خوشی حاصل ہو
اگر کسی کی ران چپ پھڑکے تو غمگین ہو اور ایک قول میں دوستی سے
ملاقات ہو، اگر کسی کی دو نو رانیں پھڑکتی ہیں تو یکبار بے انداز
خوشی اور بہت زیادہ نعمت پائیگا، اگر کسی کا زیر ناف پھڑکے
نیک ہے، اگر کسی کا ذکر اور خصیہ پھڑکے جانب راست سے تو درنج
گواہی ہے اگر کسی کا ذکر اور خصیہ جانب چپ سے پھڑکے تو مال اور رحمت
ملے اگر کسی کا راست زانو پھڑکے دشمن کے مرنے کی خبر خوش پائے
اگر کسی کا زانو چپ پھڑکے تو غمگین ہوگا اگر کسی کی دائیں پنڈلی
پھڑکے تو اس پر بہتان آئے گا اگر کسی کی پنڈلی بائیں پھڑکے تو
دشمناں   اگر کسی کا راست ٹخنہ پھڑکے تو لوگوں سے صلح ہوگی

اگر کسی شخص کا جیب پھڑکے تو مکر فریبوں سے نقصان پہنچیگا

اگر کسی کا جیب پھڑکے تو اس کو مکروہ پہنچے اگر کسی کے پاؤں راست

کی ہتھیلی پھڑکتی ہو تو سفر کریگا اور سلامتی سے واپس ہوگی اور اس سفر میں نفع ہوگا

اگر کسی کے پاؤں چپ کے تلی پھڑکتی ہو تو سفر کی نشانی ہے اور مال کی افزونی

زیادتی ہوگی اگر کسی کے راست پاؤں کی انگلیاں پھڑکتی ہوں

تو یہ شخص صدقہ دیوے اگر پاؤں چپ کی انگلیاں پھڑکتی ہوں تو نیکی

دیکھیگا اور دلی مراد پائیگا واللہ اعلم بالصواب

جب بدشگونی دیکھے تو یہ دعا پڑھنی چاہیے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم لا طیر الا طیرک

ولا خیر الا خیرک ولا الہ غیرک ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

برحمتک یا ارحم الراحمین